12/11/25
CO
AD (Pub)
12/11/25
DDC (APR)
12/11/25
DIR (Prog.)

The News International, Lahore, Wednesday, November 12, 2025

Package for visually-impaired

# Rs12,000 monthly stipend okayed for registered beneficiaries

**Our correspondent**
LAHORE

Under the leadership of Chief Minister Maryam Nawaz, the Punjab government has taken significant steps to uplift visually impaired citizens, ensuring their financial security and social inclusion.

According to a spokesperson for the Social Welfare & Bait-ul-Mal Department, the chief minister has approved a monthly stipend of Rs12,000 for 5,000 registered visually impaired beneficiaries across the province, in line with established rules and regulations.

The spokesperson stated that provincial authorities have successfully concluded negotiations with representatives of visually-impaired protesters. On the directions of Provincial Minister for Social Welfare, Sohail Shaukat Butt, senior officers of the department engaged with the protesters, while Director General Social Welfare, Tariq Qureshi, also held meetings with their representatives to ensure all concerns were addressed. In a major development, the Social Welfare Department has also notified a separate job quota specifically for visually-impaired individuals, ensuring equal representation within the overall 3% disability quota. Additionally, all government departments have been instructed to ensure immediate implementation of the disability quota and advertise all vacant posts reserved for persons with disabilities.

DAWN LAHORE, WEDNESDAY NOVEMBER 12, 2025

12/11/25
C.O
AD (Pub)
12/11/25
DD (P&PR)
12/11/25
Dir (Press)

# Punjab approves stipend for the visually challenged

LAHORE: The Punjab government has approved a monthly stipend of Rs12,000 for 5,000 registered visually impaired beneficiaries aimed at ensuring their financial security and social inclusion, says a handout.

According to a spokesperson for the Social Welfare & Baitul Mal Department, Chief Minister Maryam Nawaz took the step to uplift visually impaired citizens of the province.

The spokesperson said that provincial authorities had successfully concluded negotiations with the representatives of the visually impaired protestors.

On the directions of Social Welfare Minister Sohail Shaukat Butt, senior officers of the department engaged with the protesters, while Director General Tariq Qureshi also held meetings with their representatives to ensure all concerns were addressed.

The spokesperson said the department also notified a separate job quota specifically for visually impaired individuals, ensuring equal representation within the overall 3pc disability quota.

Additionally, all government departments were instructed to ensure immediate implementation of the disability quota and advertise all vacant posts reserved for persons with disabilities.

The spokesperson emphasised that the Punjab government remained committed to providing economic relief and comprehensive social protection to visually impaired citizens, enabling them to live with dignity and independence.

CamScanner

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت۔ لاہور، اسلام آباد، ملتان، بہاولپور، کراچی، حیدرآباد، پشاور، سکھر اور مظفرآباد (آزاد کشمیر) سے شائع ہونے والا قومی اخبار

بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں لاہور
Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 35 | بدھ 20 جمادی الاوّل 1447ھ 12 نومبر 2025ء 29 کاتک 2082ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 110

بصارت سے محروم افراد کا دوسرے روز بھی دھرنا، مال روڈ، اطراف کی سڑکوں پر ٹریفک نظام درہم برہم

# مریم نواز کا نابینا افراد کو ماہانہ 12 ہزار دینے کا اعلان

- وزیراعلیٰ کے حکم پر صوبائی وزیر ویلفیئر سہیل شوکت بٹ کی ہدایت پر دھرنا کے منتظمین سے کامیاب مذاکرات، 5 ہزار نابینا افراد کو ماہانہ وظیفہ دینے کا وعدہ
- حکومت کی جانب سے مالی ریلیف، سماجی تحفظ کا جامع پیکیج دینے، سپیشل افراد کیلئے تین فیصد جاب کوٹہ میں نابینا افراد کو مساوی نمائندگی دینے کی منظوری
- معذوروں کے کوٹہ پر عملدرآمد کیلئے مراسلہ جاری، معذوری کوٹہ کی خاص اسامیوں کو مشتہر کرنے کی ہدایت، صوبہ بھر کے نابینا افراد کی رجسٹریشن ہوگی
- مظاہرین نے رکاوٹیں کھڑی کر کے مال روڈ پر ٹریفک کو بلاک کر دیا، ملحقہ سڑکوں پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں، ٹریفک کی روانی شدید متاثر، شہری خوار
- وزیراعلیٰ نے ہمارے مطالبات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا، ہمارے مطالبات نہ مانے گئے تو سڑکوں پر آئے، مریم نواز کا ہمارے مسائل حل کرنے پر شکریہ


لاہور (کرائم رپورٹر)

12/11/25
CO
AD (Pub)
12/11/25
DD (P&PR)
12/11/25.
DIR (Prog)

12/11/25
C.O
AD (Pub)
12/11/25
DD (PAPR)
12/11/25
DIR (Reg)


روزنامہ پاکستان لاہور

چیف ایڈیٹر مجیب الرحمٰن شامی

THE DAILY PAKISTAN
LAHORE

ایڈیٹر عمر مجیب شامی

جلد 36 | بدھ 20 جمادی الاوّل 1447ھ، 12 نومبر 2025ء، 29 کاتک 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 243


# وزیراعلیٰ پنجاب کا پانچ ہزار رجسٹرڈ نابینا افراد کیلئے ماہانہ 12 ہزار وظیفے کا اعلان

## نابینا افراد کا دوسرے روز بھی دھرنا، محکمہ سوشل ویلفیئر نے علیحدہ جاب کوٹہ نوٹیفائی کر دیا، تمام محکموں کو عملدرآمد کی ہدایت

### صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ کی ہدایت پر محکمہ کے سینئر افسران کے مظاہرین سے مذاکرات، حکومتی فیصلوں سے آگاہ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر، خبر نگار) نابینا افراد اپنے مطالبات کے حق میں دوسرے روز بھی مال روڈ پر دھرنا جاری رکھا جس سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا نظام درہم برہم رہا، حکومت کی جانب سے نابینا افراد سے کامیاب مذاکرات کیے گئے، مالی ریلیف اور سماجی تحفظ کا جامع پیکیج اعلان کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مال روڈ پر مطالبات کے حق میں بیٹھے مظاہرین کا کہنا تھا کہ ہم جائز مطالبات کے ساتھ (بقیہ نمبر 10 صفحہ 5 پر)



لاہور، نابینا افراد اپنے مطالبات کے لیے چیئرنگ کراس پر دھرنا دیے بیٹھے ہیں (فوٹو پاکستان)

بقیہ 10

**نابینا افراد**

احتجاج کر رہے ہیں جو ہمارا حق ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز سے اپیل ہے کہ ہمارے مسائل کو حل کرنے کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ موسم کی شدت کے باوجود ہم اپنے مطالبات کے لئے سڑکوں پر بیٹھے ہیں، بتایا جائے ہمارا قصور کیا ہے، جب ہماری بات نہیں سنی گئی تو ہم سڑکوں پر آنے پر مجبور ہیں۔ پولیس کی جانب سے نابینا افراد کے دھرنے کی وجہ سے مال روڈ کو رکاوٹیں کھڑی کر کے بند رکھا گیا جس کی وجہ سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا شدید دباؤ ہونے کی وجہ سے گاڑیوں کی قطاریں لگی رہیں۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں محکمہ سوشل ویلفیئر نے نابینا افراد کی فلاح و بہبود کے لیے اہم اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ ترجمان محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر قواعد و ضوابط کے مطابق صوبے بھر کے پانچ ہزار رجسٹرڈ نابینا افراد کو ماہانہ 12 ہزار روپے وظیفہ دیا جائے گا۔ ترجمان نے بتایا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر نے سراپا احتجاج نابینا افراد کے نمائندگان کو حکومتی اقدامات سے آگاہ کر دیا ہے۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ کی ہدایت پر محکمہ کے سینئر افسران نے مظاہرین سے مذاکرات کیے جبکہ ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر طارق قریشی سمیت دیگر افسران نے نابینا افراد کے نمائندگان سے ملاقات کی۔ ترجمان کے مطابق تین فیصد جاب کوٹہ میں افراد باہم معذوری کی تمام کیٹیگریز کو مساوی نمائندگی دی گئی ہے۔ محکمہ سوشل ویلفیئر پنجاب نے نابینا افراد سمیت تمام معذور افراد کے لیے علیحدہ جاب کوٹہ بھی نوٹیفائی کر دیا ہے۔ مزید برآں، تمام محکموں کو معذوری کوٹے پر فوری عملدرآمد کے لیے مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے اور معذوری کوٹہ کی خالی اسامیوں کو مشتہر کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

DAILY DUNYA LAHORE www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا لاہور

جلد نمبر 36 | بدھ، 20 جمادی الاول 1447، 12 نومبر 2025ء، 29 کاتک 2082ب | شمارہ 14

رجسٹرڈ نمبر 357 | فون نمبر: 042-111-138-692 فیکس نمبر 042-36296817 | صفحات 10 قیمت 35 روپے

## 5 ہزار رجسٹرڈ نابیناؤں کو ماہانہ 12 ہزار وظیفہ دینے کا فیصلہ

**محکمہ سوشل ویلفیئر کے احتجاجی نابینا افراد سے مذاکرات، الگ جاب کوٹہ نوٹیفائی**

### 3 فیصد کوٹہ میں باہم معذوری کی کیٹگریز کو مساوی نمائندگی دی گئی، ترجمان

لاہور (لیڈی رپورٹر) ترجمان محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال کے مطابق وزیراعلیٰ کی ہدایت پر قواعد و ضوابط کے مطابق صوبہ بھر کے 5 ہزار رجسٹرڈ نابینا افراد کو ماہانہ 12 ہزار روپے وظیفہ دیا جائے گا۔ ترجمان نے بتایا محکمہ سوشل ویلفیئر نے سراپا احتجاج نابینا افراد کے نمائندوں کو حکومتی اقدامات سے آگاہ کر دیا ہے۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ (صفحہ 5 بقیہ نمبر 33)

**بقیہ نمبر 33** — **12 ہزار وظیفہ**

کی ہدایت پر محکمہ کے سینئر افسروں نے مظاہرین سے مذاکرات کیے، جبکہ ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر طارق قریشی سمیت دیگر افسروں نے نابینا افراد کے نمائندوں سے ملاقات کی۔ ترجمان کے مطابق 3 فیصد جاب کوٹہ میں باہم معذوری کی تمام کیٹگریز کو مساوی نمائندگی دی گئی ہے۔

12/11/25
C.O
AD (Pub)
12/11/25
DD(P&R)
12/11/25

CamScanner

12/11/25
C.O
AD (Pub)
12/11/25
DDCP (PR)
12/11/25
DIR (Prog.)

DAILY
NAWA-I-WAQT
LAHORE

قائداعظم کے فرمان پر شروع ہونے والا پہلا اردو اخبار

روزنامہ
# نوائے وقت

بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی
لاہور

لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، ملتان، کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

| جلد | بدھ 20 جمادی الاول 1447ھ 12 نومبر 2025ء 29 کاتک 2082 ب | صفحات | رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل | شمارہ |
|---|---|---|---|---|
| 85 | 04236302050 قیمت 35 روپے | 10 | 101 | 227 |


## پنجاب حکومت نابینا افراد کو 12 ہزار ماہانہ وظیفہ دیگی، ترجمان محکمہ سوشل ویلفیئر

### مظاہرین سے مذاکرات، ملاقاتیں، محکموں کو معذوری کوٹے پر عملدرآمد کیلئے مراسلہ جاری

لاہور (لیڈی رپورٹر) ترجمان محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال کے مطابق وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر صوبے کے 5 ہزار رجسٹرڈ نابینا افراد کو ماہانہ 12 ہزار روپے وظیفہ دیا جائے گا۔ ترجمان نے بتایا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر نے سراپا احتجاج نابینا افراد کے نمائندگان کو حکومتی اقدامات سے آگاہ کر دیا ہے۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ کی ہدایت پر محکمہ کے سینئر افسران نے مظاہرین سے مذاکرات کیے، ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی و دیگر نے نابینا افراد کے نمائندگان سے ملاقات کی۔ ترجمان کے مطابق تین فیصد جاب کوٹہ میں افراد باہم معذوری کی تمام کیٹگریز کو مساوی نمائندگی دی گئی ہے۔ محکمہ سوشل ویلفیئر پنجاب نے نابینا افراد سمیت تمام معذور افراد کے لیے علیحدہ جاب کوٹہ بھی نوٹیفائی کر دیا ہے۔ مزید برآں، تمام محکموں کو معذوری کوٹے پر فوری عملدرآمد کے لیے مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے۔

12/11/25
C.O
AD (Pub)
12/11/25
DD (P&PR)
12/11/25.
DIR (Prog.)

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
MEMBER APNS, CPNE
روزنامہ
ایڈیٹر انچیف
اویس رؤف
جہان پاکستان
لاہور
جلد 14 | بدھ 20 جمادی الاوّل 1447ھ، 12 نومبر 2025ء 29 کاتک 2079 ب | شمارہ 52 | صفحات 8 | قیمت 30 روپے

# نابینا افراد کا دھرنا رنگ لے آیا، حکومت کا ماہانہ 12 ہزار وظیفے کا اعلان

**مال روڈ پر دوسرے روز بھی دھرنے سے ٹریفک نظام درہم برہم، سینئر افسران کے نابینا افراد سے مذاکرات، حکومتی اقدامات سے آگاہ کیا**

**5 ہزار رجسٹرڈ افراد کو وظیفہ ملیگا، محکمہ سوشل ویلفیئر نے علیحدہ جاب کوٹہ بھی نوٹیفائی کر دیا، تمام محکموں کو عمل درآمد کی ہدایت**

لاہور (کرائم رپورٹر) نابینا افراد اپنے مطالبات کے حق میں دوسرے روز بھی مال روڈ پر دھرنا جاری رکھا جس سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

بقیہ نابینا افراد 24

نظام درہم برہم رہا، حکومت کی جانب سے نابینا افراد سے کامیاب مذاکرات کئے گئے، مالی ریلیف اور سماجی تحفظ کا جامع پیکیج اعلان کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مال روڈ پر مطالبات کے حق میں بیٹھے مظاہرین کا کہنا تھا کہ ہم جائز مطالبات کے ساتھ احتجاج کر رہے ہیں جو ہمارا حق ہے، وزیر اعلی مریم نواز سے اپیل ہے کہ ہمارے مسائل کو حل کرنے کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جائے۔ دوسری جانب وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی قیادت میں محکمہ سوشل ویلفیئر نے نابینا افراد کی فلاح و بہبود کے لیے اہم اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ ترجمان محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال کے مطابق وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر قواعد و ضوابط کے مطابق صوبے بھر کے پانچ ہزار رجسٹرڈ نابینا افراد کو ماہانہ 12 ہزار روپے وظیفہ دیا جائے گا۔ ترجمان نے بتایا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر نے سراپا احتجاج نابینا افراد کے نمائندگان کو حکومتی اقدامات سے آگاہ کر دیا۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ کی ہدایت پر محکمہ کے سینئر افسران نے مظاہرین سے مذاکرات کئے جبکہ ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر طارق قریشی سمیت دیگر افسران نے نابینا افراد کے نمائندگان سے ملاقات کی۔ ترجمان کے مطابق تین فیصد جاب کوٹہ میں افراد باہم معذوری کی تمام کیٹگریز کو مساوی نمائندگی دی گئی ہے۔ محکمہ سوشل ویلفیئر پنجاب نے نابینا افراد سمیت تمام معذور افراد کے لیے علیحدہ جاب کوٹہ بھی نوٹیفائی کر دیا ہے۔ مزید برآں، تمام محکموں کو معذوری کوٹے پر فوری عملدرآمد کیلئے مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے اور معذوری کوٹہ کی خالی اسامیوں کو مشتہر کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ حکومتی پالیسی کے تحت نابینا افراد کو مالی ریلیف اور سماجی تحفظ فراہم کیا جائے گا تاکہ وہ باعزت زندگی گزار سکیں۔

CS CamScanner

لاہور، راولپنڈی/اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر چوہدری عبدالرحمٰن

جلد 15 | بدھ 20 جمادی الاول 1447ھ 12 نومبر 2025ء، 29 کاتک 2082ب | صفحات 8 | قیمت 35 روپے | شمارہ 35

www.naibaat.pk — e-mail: nb@naibaat.com

12/11/25
C.O
ADC(Pub)
12/11/25
DD(P/PR)
12/11/25
Dir (Prog.)

# نابینا افراد کا مال روڈ پر دھرنا، حکومت کا ماہانہ 12 ہزار وظیفے کا اعلان

## محکمہ سوشل ویلفیئر نے نابینا افراد کے لیے علیحدہ جاب کوٹہ نوٹیفائی کر دیا

لاہور (نیوز رپورٹر، این این آئی) نابینا افراد اپنے مطالبات کے حق میں دوسرے روز بھی مال روڈ پر دھرنا جاری رکھا جس سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا نظام درہم برہم رہا۔ (صفحہ 4 پر بقیہ نمبر 14)



لاہور: نابینا افراد نے اپنے مطالبات کے حق میں مال روڈ پر دھرنا دے رکھا ہے

نئی بات | نابینا دھرنا | 14

مظاہرین نے کہا کہ ہم جائز مطالبات کے ساتھ احتجاج کر رہے ہیں جو ہمارا حق ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز سے اپیل ہے کہ ہمارے مسائل کو حل کرنے کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ موسم کی شدت کے باوجود ہم اپنے مطالبات کے لئے سڑکوں پر بیٹھے ہیں، بتایا جائے ہمارا قصور کیا ہے، جب ہماری بات نہیں سنی گئی تو ہم سڑکوں پر آنے پر مجبور ہیں۔ پولیس کی جانب سے نابینا افراد کے دھرنے کی وجہ سے مال روڈ کو رکاوٹیں کھڑی کر کے بند رکھا گیا جس کی وجہ سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا شدید دباؤ ہونے کی وجہ سے گاڑیوں کی قطاریں لگی رہیں۔ دریں اثنا حکومت کی جانب سے نابینا افراد سے کامیاب مذاکرات کیے گئے، مالی ریلیف اور سماجی تحفظ کا جامع پیکیج اعلان کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مال روڈ پر مطالبات کے حق میں بیٹھے مظاہرین کا کہنا تھا کہ ہم جائز مطالبات کے ساتھ احتجاج کر رہے ہیں جو ہمارا حق ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز سے اپیل ہے کہ ہمارے مسائل کو حل کرنے کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ موسم کی شدت کے باوجود ہم اپنے مطالبات کے لئے سڑکوں پر بیٹھے ہیں، بتایا جائے ہمارا قصور کیا ہے، جب ہماری بات نہیں سنی گئی تو ہم سڑکوں پر آنے پر مجبور ہیں۔ پولیس کی جانب سے نابینا افراد کے دھرنے کی وجہ سے مال روڈ کو رکاوٹیں کھڑی کر کے بند رکھا گیا جس کی وجہ سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا شدید دباؤ ہونے کی وجہ سے گاڑیوں کی قطاریں لگی رہیں۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں محکمہ سوشل ویلفیئر نے نابینا افراد کی فلاح و بہبود کے لیے اہم اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ ترجمان محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر قواعد وضوابط کے مطابق صوبے بھر کے پانچ ہزار رجسٹرڈ نابینا افراد کو ماہانہ 12 ہزار روپے وظیفہ دیا جائے گا۔ ترجمان نے بتایا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر نے سراپا احتجاج نابینا افراد کے نمائندگان کو حکومتی اقدامات سے آگاہ کر دیا ہے۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ کی ہدایت پر محکمہ کے سینئر افسران نے مظاہرین سے مذاکرات کیے جبکہ ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر طارق قریشی سمیت دیگر افسران نے نابینا افراد کے نمائندگان سے ملاقات کی۔ ترجمان کے مطابق تین فیصد جاب کوٹہ میں افراد باہم معذوری کی تمام کیٹگریز کو مساوی نمائندگی دی گئی ہے۔ محکمہ سوشل ویلفیئر پنجاب نے نابینا افراد سمیت تمام معذور افراد کے لیے علیحدہ جاب کوٹہ بھی نوٹیفائی کر دیا ہے۔ مزید برآں، تمام محکموں کو معذوری کوٹے پر فوری عملدرآمد کے لیے مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے اور معذوری کوٹہ کی خالی اسامیوں کو مشتہر کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ حکومتی پالیسی کے تحت نابینا افراد کو مالی ریلیف اور سماجی تحفظ فراہم کیا جائے گا تاکہ وہ باعزت زندگی گزار سکیں۔

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

# مشرق

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر، عبدالباقی کاکڑ

جلد: 15 | بدھ 20 جمادی الاول 1447ھ 12 نومبر 2025ء 29 کاتک 2082 ب صفحات: 10 قیمت: 30 روپے | شمارہ: 232

12/11/25

C.O

AD (Pub)

12/11/25

DD (P/PR)

12/11/25.

Dir (Prog)

ہمت کارڈ، معاون آلات

ڈھیل چیئرز تقسیم تقریب

## خصوصی افراد میں احساس کمتری کا خاتمہ وزیر اعلیٰ کا ویژن ہے: مقررین


**صوبائی وزیر سہیل شوکت کی سربراہی میں محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال تمام پروگراموں میں شفافیت یقینی بنا رہا ہے**

**ساہیوال میں منعقدہ تقریب سے ملک ارشد، پیر ولایت شاہ کھگہ، فرزانہ عباس، چوہدری اشرف اور دیگر کا خطاب**

ساہیوال (چوہدری اشرف سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے تحت خصوصی افراد میں ہمت کارڈ، معاون آلات اور ڈھیل چیئرز تقسیم کرنے کی تقریب۔ ضلع ساہیوال کے خصوصی افراد میں 61 ڈھیل چیئرز اور 5 ٹرائی سائیکلز اور ہمت کارڈ تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ اراکین پنجاب اسمبلی ملک ارشد، پیر ولایت شاہ کھگہ، فرزانہ عباس اور سابق ایم این اے چوہدری اشرف تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عصمہ نورین، ڈپٹی ڈائریکٹر عباس چوہان اور دیگر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ تقریب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

بقیہ | مشرق | 1

سے خطاب کرتے ہوئے ملک محمد ارشد نے ہمت کارڈ، ٹرائی سائیکلز اور ڈھیل چیئرز حاصل کرنے والی خصوصی افراد کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ویژن ہے حق داروں کو انکا حق ان کی دہلیز تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ساہیوال کیلئے ہمت کارڈ اور معاون آلات کی تعداد بڑھائی جائے گی تا کہ زیادہ سے زیادہ افراد مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ کی سربراہی میں محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال تمام پروگراموں میں شفافیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ممبر پنجاب اسمبلی پیر ولایت شاہ کھگہ نے کہا کہ خصوصی افراد میں احساس کمتری کا خاتمہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا ویژن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ خصوصی افراد کے لئے ایسے پروگرام شروع کئے گئے۔ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عصمہ نورین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے دھی رانی، ہمت کارڈ، معاون آلات کی تقسیم کے پروگراموں کا مقصد لوگوں کی مشکلات حل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ کی سربراہی میں محکمہ کی پوری ٹیم ہر اول دستہ کا کام کر رہی ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال محمد عباس چوہان نے بتایا کہ ضلع ساہیوال کے 500 سے زائد خصوصی افراد میں معاون آلات تقسیم ہو چکے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ معاون آلات کی تقسیم کے ہر مرحلے میں شفافیت یقینی بنائی گئی۔



لاہور: نابینا افراد اپنے مطالبات کے حق میں مال روڈ پر دھرنا دیئے بیٹھے ہیں

چیف ایڈیٹر: محسن نقوی
گروپ ایڈیٹر: نوید چوہدری
ABC Certified
DAILY 42
LAHORE
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184
جلد نمبر 14 | بدھ 12 نومبر 2025ء، 20 جمادی الاول 1447ھ، 29 کاتک 2082 ب، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ 43

12/11/25
C.O
AD (Pub)
12/11/25
DD (P/PR)
12/11/25
Dir (Prog)

# نابینا افراد کیلئے 12 ہزار وظیفہ کی تجویز، مذاکرات ناکام

**ڈی جی سوشل ویلفیئر عمران قریشی مطالبات سُن کر واپس لوٹ گئے، نابینا افراد کا مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رکھنے کا فیصلہ**

**نابینا افراد کے مطالبے پر ڈیلی ویجز ملازمین کو ریگولر نہیں کیا جا سکتا، کوئی اور راستہ نکال لیا جائے گا، سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود**

مال روڈ (طلحہ اشرف، رومیل الیاس، قیصر کھوکھر) نابینا افراد ایک مرتبہ پھر سڑکوں پر نکل آئے۔ مظاہرین نے فیصل چوک کو دونوں اطراف سے بند کردیا۔ کہتے ہیں ہمیں بھیک نہیں باعزت روزگار چاہیے۔ مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رہے گا۔ فیصل چوک (باقی صفحہ 7 بقیہ 2)

**بقیہ 2 | نابینا افراد**

پر جاری یہ احتجاج کوئی پہلا نہیں۔ ہر سال نابینا افراد روزگار کے حق کے لیے سڑکوں پر نکلتے ہیں۔ نابینا مظاہرین کا کہنا ہے کہ ایک فیصد ملازمتوں کا کوٹہ آج بھی کاغذوں تک محدود ہے۔ نابینا افراد کہتے ہیں، سرکاری وعدے ہر سال دہرائے جاتے ہیں مگر تعبیر نہیں ملتی۔ ہمیں مستقل نوکریاں چاہیے، اب جب تک حکومت ہمارے مطالبات پورے نہیں کرتی، دھرنا ختم نہیں کریں گے، ڈی جی سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال عمران قریشی نابینا افراد کے مطالبات سُن کر واپس لوٹ گئے۔ ڈی جی سوشل ویلفیئر اور مظاہرین کے درمیان مذاکرات کامیاب نہ ہو سکے۔ ڈی جی سوشل ویلفیئر نے مطالبات کی منظوری کیلئے ایک دن کا وقت مانگ لیا۔ حکومت اور نابینا افراد میں ڈیڈ لاک اب بھی برقرار ہے۔ نابینا افراد کا مطالبہ ہے کہ سرکاری اداروں میں معذور افراد کے لیے مختص ایک فیصد کوٹہ فوری نافذ کیا جائے۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود کا کہنا ہے کہ نابینا افراد کے مطالبات منظور نہیں ہو سکتے، نابینا افراد کے مطالبے پر ڈیلی ویجز ملازمین کو ریگولر نہیں کیا جا سکتا۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر نے کہا کہ ڈی جی سوشل ویلفیئر کو نابینا افراد کیساتھ مذاکرات کا ٹاسک دیا گیا۔ معاملات کے حل کیلئے کوئی اور راستہ نکال لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نابینا افراد کو پہلے ہی ہمت کارڈ سے امداد دی جا رہی ہے۔ نابینا افراد کو بارہ ہزار روپے ماہانہ وظیفہ دیا جا رہا ہے۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر کے مطابق نابینا افراد کا ملازمتوں میں کوٹہ مقرر ہے، اس کے مطابق ہی انہیں ملازمتیں دی جاتی ہیں۔

CamScanner

لاہور • اسلام آباد • کراچی سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

786/92

روزنامہ 92 نیوز لاہور

The Daily 92 News

بانی: میاں محمد رشید

ایڈیٹر انچیف: میاں حسن احمد

قیمت 30 روپے

صفحات 8

جلد 10

بدھ 20 جمادی الاوّل 1447ھ 12 نومبر 2025ء 29 کاتک 2081ب

شمارہ 287


# نابینا افراد کا مطالبات کے حق میں مال روڈ پر دھرنا جاری

## جائز مطالبات کیلئے احتجاج کر رہے ہیں جو ہمارا حق ہے: مظاہرین

لاہور (این این آئی) نابینا افراد اپنے مطالبات کے حق میں دوسرے روز بھی مال روڈ پر دھرنا جاری رکھا جس سے مال روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا نظام درہم برہم رہا۔ (باقی صفحہ 5 نمبر 34)

بقیہ | مال روڈ | 34

مظاہرین نے کہا ہم جائز مطالبات کے ساتھ احتجاج کر رہے ہیں جو ہمارا حق ہے وزیر اعلیٰ مریم نواز سے اپیل ہے کہ ہمارے مسائل کو حل کرنے کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جائے۔

12/11/25
C.O
AD (Pub)
12/11/25
DD (P&PR)
12/11/25.
DIR (Prog.)

لاہور، کراچی، اسلام آباد، ملتان، رحیم یار خان، مظفر آباد، پشاور، گلگت بلتستان، فرینکفرٹ اور لندن سے روزانہ شائع ہونیوالا پہلا اردو اخبار

http://www.dailyausaf.com

E-mail:ausafd@gmail.com

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

روزنامہ اوصاف لاہور

DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان

ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 27 بدھ، 20 جمادی الاول 1447ھ، 12 نومبر 2025ء، 28 کاتک 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ: 365


12/11/25

C.O

AD (Pub)

12/11/25

DD (P&PR)

12/11/25.

DIR (Prog)

## نابینا افراد کے مطالبات ڈیلی ویجر ملازمین کو ریگولر نہیں کیا جا سکتا، سیکرٹری سوشل ویلفیئر

لاہور (نیوز رپورٹر) سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود نے کہا ہے کہ نابینا افراد کے مطالبات کے تحت ڈیلی ویجر ملازمین کو ریگولر نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم، ڈی جی سوشل ویلفیئر کو نابینا افراد کے ساتھ مذاکرات کرنے کا ٹاسک دیا گیا ہے۔ سیکرٹری کے مطابق نابینا افراد کو پہلے ہی ہمت کارڈ کے ذریعے امداد فراہم کی جا رہی ہے اور انہیں 12 ہزار روپے ماہانہ وظیفہ بھی دیا جا رہا ہے۔

CamScanner

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس لاہور

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 25 شمارہ 252 | بدھ، 20 جمادی الاوّل، 12 نومبر 2025ء، 28 کاتک، صفحات 10 قیمت 40 روپے


12/11/25
C.O
AD (Pub)
12/11/25
DD (P&PR)
12/11/25
Dir (Prog.)

## ساہیوال: خصوصی افراد میں ہمت کارڈ، معاون آلات اور وہیل چیئرز تقسیم

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر + نمائندہ ایکسپریس) خصوصی افراد میں ہمت کارڈ، معاون آلات اور وہیل چیئرز تقسیم کی تقریب میں 61 وہیل چیئرز اور 5 ٹرائی سائیکلز اور ہمت کارڈ تقسیم کیے گئے۔ اراکین پنجاب اسمبلی ملک محمد ارشد، پیر ولایت شاہ کھگہ، فرزانہ عباس اور سابق ایم این اے محمد اشرف تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔

CS CamScanner